2018年6月4日ジャング紙ラホール版1面

کاغذات نامزدگی آج سے وصول ہونگے

سپریم کورٹ نے لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ معطل کردیا انتخابات 25 جولائی کو ہی ہونگے تاخیر ہوئی تو الیکشن کمیشن ذمہ دار ہوگا چیف جسٹس

سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق اور الیکشن کمیشن کی اپیلیں باقاعدہ سماعت کیلئے منظور، فریقین کو نوٹس جاری، بادی النظر میں لاہور ہائی کورٹ نے بنیادی اصولوں کو فراموش کر دیا، سپریم کورٹ

کاغذات نامزدگی 8 جون تک جمع ہوں گے، باقی شیڈول تبدیل نہیں ہوگا، الیکشن ایکٹ کے مطابق کاغذات نامزدگی برقرار رہیں گے، الیکشن کمیشن نے ترمیم شدہ شیڈول جاری کر دیا

لاہور (خبر نگار خصوصی) چیف جسٹس پاکستان مسٹر جسٹس میاں ثاقب نثار کی سربراہی میں بنچ نے کاغذات نامزدگی فارم میں ترامیم کے حوالہ سے لاہور ہائیکورٹ کے فیصلہ کو معطل کرتے ہوئے اپیلوں کو ساعت کے لیئے پیش کر دیا گیا اور چیف جسٹس پاکستان نے لاہور ہائیکورٹ کے فیصلہ کو معطل کرتے ہوئے اپیلیں باقاعدہ سماعت کیلئے منظور کرلیں اور فریقین کو نوٹس جاری کر دیئے۔ واضح رہے کہ لاہور ہائی کورٹ کے سنگل بنچ نے کاغذات نامزدگی فارم میں کوائف کے خانے حذف کرنے پر فارم کالعدم قرار دیا تھا اور الیکشن کمیشن کو اس کو دوبارہ بنانے کا حکم دیا تھا۔ سپریم کورٹ لاہور رجسٹری میں چیف جسٹس پاکستان میاں ثاقب نثار اور جسٹس اعجاز الاحسن کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے اپیلوں کی سماعت کی، عدالتی کارروائی شروع ہوتے ہی الیکشن کمیشن کے وکیل نے عدالت کو آگاہ کیا کہ انتخابی شیڈول جاری ہونے کے بعد لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ آیا جس کی وجہ سے دو یوم سے امیدواروں سے کاغذات نامزدگی وصول نہیں کئے جاسکے، انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ نے قانون کے تحت الیکشن کمیشن سے کاغذات نامزدگی میں تبدیلی کا اختیار واپس لے لیا، عدالت عالیہ نے اپنے فیصلے کے ذریعے الیکشن کمیشن کے اختیار میں براہ راست مداخلت کی ہے، جس پر عدالت نے کہا کہ بادی النظر میں ہائیکورٹ نے بنیادی اصولوں کو فراموش کر دیا، عدالت عالیہ کے فیصلے سے انتخابات تاخیر کا شکار ہو سکتے ہیں، سپریم کورٹ نے ہائیکورٹ کا فیصلہ معطل کرتے ہوئے اپیلیں باضابطہ سماعت کے لئے منظور کر لیں، عدالت نے سیکرٹری الیکشن کمیشن بابر یعقوب فتح محمد کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ انتخابات میں تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، انتخابات پچیس جولائی کو ہی ہوں گے، اگر تاخیر ہوئی تو الیکشن کمیشن ذمہ دار ہو گا۔ دوران سماعت چیف جسٹس نے سردار ایاز صادق کے وکیل شاہد حامد سے استفسار کیا کہ اپنی اپیل میں سپیکر کا لفظ کیوں لکھا ہے، سردار ایاز سپیکر کی حیثیت سے کس طرح متاثرہ فریق ہیں، چیف جسٹس نے سردار ایاز صادق کے وکیل کو اپیل میں موجود خامیاں دور کرنے کی ہدایت کی اور سردار ایاز صادق کی اپیل بھی باضابطہ سماعت کے لئے منظور کر لی۔ لیڈ ۔۔۔۔ دوسرا انٹر واسلام آباد (طاہر خلیل) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے ترمیم شدہ انتخابی شیڈول جاری کر دیا ہے، کاغذات نامزدگی آج سے جمع کرائے جائینگے، باقی شیڈول میں تبدیلی نہیں کی گئی ۔الیکشن کمیشن کے مطابق سپریم کورٹ نے لاہور ہائیکورٹ کا کاغذات نامزدگی سے متعلق فیصلہ معطل کر دیا ہے لہذا کاغذات نامزدگی الیکشن ایکٹ 2017 کے مطابق برقرار رہیں گے۔ کاغذات نامزدگی 4 سے 8 جون تک جمع کرائے جاسکیں گے جب کہ امیدواروں کی ابتدائی فہرست 8 جون کو آویزاں کی جائے گی۔ الیکشن کمیشن نے بتایا کہ باقی انتخابی شیڈول اسی طرح ہی رہے گا اور کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 14 جون تک کی جائے گی۔ الیکشن کمیشن کے مطابق ریٹرننگ افسران کے فیصلوں کے خلاف اپیلیں 19 جون تک دائر کی جاسکیں گی اور اپیلٹ ٹریبونل 26 جون تک اپیلیں نمٹائیں گے، امیدواروں کی حتمی فہرست 27 کو شائع کی جائیگی ، 29 جون کو امیدواروں کو انتخابی نشان الاٹ کئے جائینگے جبکہ پولنگ 25 جولائی کو ہی ہو گی۔ الیکشن کمیشن کا کہنا ہے کہ سیاسی جماعتیں خواتین، غیر مسلموں کی مخصوص نشستوں کے لیے ترجیحی فہرستیں 8 جون تک جمع کرادیں اور مخصوص نشستوں سے متعلق ترجیحی فہرستیں متعلقہ ریٹرننگ افسران کے دفاتر میں جمع ہوں گی۔ یاد رہے کہ لاہور ہائیکورٹ کے کاغذات نامزدگی سے متعلق فیصلے سے قبل کاغذات نامزدگی 2 جون سے 6 جون تک جمع کرانے کی تاریخیں دی گئی تھیں۔